سوال

(399)احناف اہل حدیث کے پیچھے آٹھ رکعات تراویح پڑھتے ہیں لخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اہل حدیث کی مسجد میں حنفی لوگ بھی امام کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔ احناف لوگ امام اہل حدیث کے پیچھے آٹھ رکعت تراویح ادا کرکے باقی بارہ رکعت اپنے مذہب کے مطابق کسی امام کے پیچھے اس مسجد میں باجماعت پڑھتے ہیں۔ کیا اہل حدیث ان کو منع کرسکتے ہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل حدیث ان کو منع نہیں کرسکتے۔ کریں گے تو گناہ گار(1) ہوں گے۔ تراویح کی رکعت مسنونہ آٹھ ہی ثابت ہیں۔ تاہم باقی نوافل سے توکم نہیں خصوصا اس حال میں کہ بہت سے آئمہ اسلام کا یہی مذہب ہے۔ پس بند کرنا گناہ ہے۔ (13 شعبان 31 ہجری)

1۔ یہ چیز برادران احناف ہی کو مبارک ہو۔ جو اپنی مساجد سے آمین بالجہر ورفع الیدین کرنے والے نمازیوں کو نکال کر اپنی گندی ذہنیت کا ثبوت پیش کیا کرتے ہیں۔ اللہ ان کو ہدایت کرے۔ آمین (راز)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص586

محدث فتویٰ